Urdu

التزم بمسؤولية

الحملة الوطنية لمكافحة فيروس كورونا (COVID-19)

مملكة البحرين
KINGDOM OF BAHRAIN

اختلاط یا میل جول کے معاملات کو کیسے جانچا جاتا ہے؟

1. موجودہ مریضوں سے ان لوگوں کے بارے میں پوچھا جاتا ہے جن سے وہ رابطے یا میل جول میں رہے ہوں پھر اس بنیاد پر تمام میل جول والوں کی ایک مکمل فہرست تیار کی جاتی ہے۔

2. میل جول والوں کی آمد ورفت کے اوقات اور جگہ کا پتہ لگا کر ان کی نشاندہی کی جاتی ہے۔

3. موجودہ مریض سے رابطہ یا میل جول رکھنے والے افراد (جن پر رابطے یا میل جول کی شرائط لاگو ہوتی ہیں)کی شناخت کرنے کے بعد وزارت صحت کی ویب سائٹ پر ان کی معلومات اپڈیٹ کی جاتی ہیں۔

4. رابطے یا میل جول والوں سے فوری رابطہ کرکے ان کے ٹیسٹ کا اپائنٹمنٹ متعین کیا جاتا ہے اور انہیں ضروری ہدایات دی جاتی ہیں۔

5. اگر ان کا نتیجہ منفی ہو تو میل جول والوں کو 14 دن کی مدت کے لئے گھر پر قرنطینہ کے لئے کہا جاتا ہے اور BeAware ایپلیکیشن ڈاؤن لوڈ کرنے لئے کہا جاتا ہے (ٹیسٹ کا نتیجہ ایپلیکیشن یا وزارت صحت کی ویب سائٹ پر دیکھا جاسکے)

6. گھر پر قرنطینہ کی مدت ختم ہونے سے تین دن پہلے، ٹیسٹ کا اپائنٹمنٹ لینا ضروری ہے۔ (اپائنٹمنٹ BeAwareایپلیکیشن کے ذریعہ لیا جا سکتا ہے۔)

7. رابطے یا میل جول والوں کو قرنطینہ ختم کرنے سے پہلے ٹیسٹ کے نتائج سے آگاہ کیا جاتا ہے اور اس کے مطابق ضروری ہدایات دی جاتی ہیں۔

مجتمع واعي
#معاً_ضد_الكورونا
(COVID-19)